خبروں کا اعلامیہ

# Q1 اپڈیٹ: مالیاتی ترقی کا جاری سلسلہ

31 اگست، 2023 میڈیا انکوائریز

## البرٹا کا مظبوط مالیاتی انتظام البرٹا کے مستقبل کو محفوظ بنانا جاری رکھتا ہے۔

2023 جنگل کی آگ کے بے مثال موسم اورجاری معاشی اتار چڑھاؤ کے باوجود 24-2023 کے آخر تک البرٹا 2.4بیلین ڈالر کی بیشی کا ریکارڈ بنانے کے راستے پرہے۔ یہ بجٹ 2023 کی پیشن گوئی سے 94 ملین ڈالر زیادہ ہے۔

مضبوط اور ہوشیار مالیاتی انتظام البرٹا کو کینیڈا کا اقتصادی انجن بنے رہنے میں مدد دے گا۔ حکومت کے نئے مالیاتی فریم ورک کا حکومت سے تقاضہ ہے کہ وہ قرض کی ادائیگی کے لیے دستیاب اضافی نقدی کا کم از کم نصف استعمال کرے، اس رقم کوآزاد کرتے ہوئے، جو البرٹا کے خاندانوں کی موجودہ اور آنے والی دہائیوں کی ضروریات کو پورا کر سکتا ہے۔ پہلے سہ ماہی کے اپ ڈیٹ کی بنیاد پر، البرٹا اس مالیاتی سال میں ٹیکس دہندگان کے تعاون پرمبنی قرض کے 2.6 ملین ڈالر خارج کر سکے گا۔

"البرٹا کے مالیات مضبوط ہیں، اور بشکریہ ہمارے نئے مالیاتی فریم ورک کی بدولت، البرٹا کی مالی پوزیشن مضبوط تر ہونے کے لیے تیار ہے۔ قرض کی ادائیگی اور مستقبل کے لیے بچت کی ہماری مسلسل ترجیحات اس بات کو یقینی بنائینگی کہ ہمارے پاس آج اور مستقبل میں بھی البرٹنز کی ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔"

*نیٹ ہورنر، پریسیڈنٹ آف ٹریژری بورڈ اینڈ منسٹر آف فائنینس (Nate Horner, President of Treasury Board and Minister of Finance)*

متوقع دستیاب اضافی نقدی کا مطلوبہ 50 فیصد پختہ ہونے والے قرض کی ادائیگی کے لیے استعمال ہونے کے بعد، بقیہ اضافی نقد رقم البرٹا فنڈ (Alberta Fund) میں مختص کی جائے گی، جہاں اسے اضافی قرض کی ادائیگی، البرٹا ہیریٹیج سیونگز ٹرسٹ فنڈ (Alberta Heritage Savings Trust Fund) میں شراکت اورایک وقتی اقدامات کے لیے، جو حکومتی اخراجات میں مستقل اضافہ کا باعث نہیں بنتے، استعمال کیا جا سکتا ہے۔ 24-2023 میں البرٹا فنڈ میں متوقع 2.6 بلین ڈالر مختص کیا جائے گا۔

## آمدنی

24-2023 کے لیے آمدنی 71.1 بلین ڈالر ہونے کی پیشن گوئی کی گئی ہے، جو کہ بجٹ 2023 سے 491 ملین ڈالر زیادہ ہے۔

آالبرٹا کا مضبوط کاروباری ماحول ملک بھر سے سرمایہ کاری اور لوگوں کو راغب کر رہا ہے، جس سے کارپوریٹ اور ذاتی انکم ٹیکس ریونیو میں 1.5 بلین ڈالر کا متوقع اضافہ ہو رہا ہے۔

2022-23 میں ریکارڈ بلند ترین سال کے بعد، کارپوریٹ انکم ٹیکس ریونیو کی پیش گوئی میں 889 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا ہے۔ آٹھ فیصد پر، البرٹا کی عمومی کارپوریٹ انکم ٹیکس کی شرح ملک میں سب سے کم ہے۔ البرٹا کے کم ٹیکسیز، سرمایہ کاروں کو البرٹا کا انتخاب کرنے کی ایک وجہ ہے۔

زندگی کو قابل استطاعت رکھنا البرٹا کی حکومت کے لیے ایک اہم ترجیح ہے، یہی وجہ ہے کہ اس نے جنوری میں پٹرول اور ڈیزل پر صوبائی ایندھن کے ٹیکس کو روک دیا۔ اس توقف کو 2023 کے آخر تک بڑھانے سے باقی کیلنڈر سال کے لیے البرٹنز اور البرٹا کے کاروباروں کو پٹرول اور ڈیزل پر 13 سینٹ فی لیٹر کی بچت ہوگی۔ ، ایندھن کے ٹیکس کی آمدنی میں 532 ملین ڈالر کی کمی کی پیشن گوئی کی گئی ہے – یہ رقم ہر بار گاڑی میں پیٹرول بھرتے وقت سیدھی البرٹنز کی جیبوں میں واپس چلی جاتی ہے۔

1اپریل اور 30 جون کے درمیان، ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ(ڈبلیو ٹی آئی) (West Texas Intermediate (WTI) تیل کی قیمت فی بیرل اوسطاً 74 امریکی ڈالر رہی۔ اب مالی سال کے دوران فی بیرل اوسطاً 75 امریکی ڈالر رہنے کی پیشین گوئی کی گئی ہے، جو کہ بجٹ 2023 کی پیشن گوئی سے 4 ڈالر کم ہے۔ البرٹا کی آمدنی پر آنے والے نتیجاً اثرات کو ہلکے سے بھاری تیل کی قیمت میں فرق کے ذریعے پورا کیا جا رہا ہے، جس کی قیمت فی بیرل اب اوسطاً 15 امریکی ڈالر ہونے کی پیشین گوئی کی گئی ہے، جو کہ بجٹ کے مقابلے میں 5 ڈالرکم ہے۔

2023-24میں بٹومین(Bitumen) کی رائلٹیز میں 515 ملین ڈالر کا اضافہ متوقع ہے؛ تاہم، مجموعی وسائل کی آمدنی میں بجٹ کی پیشین گوئی سے694 ملین ڈالر کی کمی کا امکان ہے۔ قدرتی گیس کی کم رائلٹی، کمزور قیمتوں، مضبوط شمالی امریکہ کی پیداوار اور جنگل کی آگ کے البرٹا میں پیداوار پر اثرات ، زیادہ تر متوقع کمی کا سبب بنی ہیں۔

## خرچہ

2023-24 کے لیے اخراجات کی پیشینگوئی68.7 بلین ڈالر ہے، جو کہ بجٹ 2023 سے397-ملین ڈالر زیادہ ہے۔ ہنگامی مختص سے پہلے کی گئی پیشین گوئی کے خراجات میں ہ 1.6 بلین ڈالر کا اضافہ ہے۔ اس میں سے، 397 ملین ڈالر وقف شدہ آمدنی سے فنڈ کیے جاتے ہیں اور 1.2 بلین ڈالر ہنگامی طور پر ابتدائی مختص کے طور پر مختص کیے گئے ہیں، جس سے 323 ملین ڈالرغیر مختص رہ گئے ہیں۔

صوبے میں جنگل کی آگ کے بے مثال موسم نے البرٹا کی حکومت کو متاثرہ علاقوں میں البرٹا کے لوگوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے تیزی اور ذمہ داری سے کام کرنے پر آمادہ کیا۔ آج تک، حکومت نے اس سال صوبے میں جنگل کی آگ سے لڑنے کے لیے 750 ملین ڈالرمختص کیے ہیں، ساتھ ہی 175 ملین ڈالر ناقابلِ بیمہ نقصانات کے لیےمختص کئے ہیں، جن میں سے 75 ملین ڈالر وفاقی حکومت کی جانب سے پورا کیے جانے کی توقع ہے، اور 55 ملین ڈالر، بنیادی طور پر ہنگامی انخلاء کی ادائیگیوں کے لیے ہیں۔ البرٹا کی حکومت، قدرتی آفات جیسے مشکل حالات کے دوران، البرٹا کے لوگوں کی مدد جاری رکھے گی۔
آپریٹنگ اخراجات کی پیشین گوئی میں 179 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا ہے، جو بنیادی طور پر ہیلتھ فنڈنگ میں 214-ملین ڈالر کے اضافے کی وجہ سے ہے اور جو وفاقی دو طرفہ معاہدے کی آمدنی سے مکمل طور پر پورا ہو رہا ہے۔ کیپٹل گرانٹ میں 170 ملین ڈالر کا اضافہ بنیادی طور پر 2022-23 کے مالی سال کے منصوبوں کی دوبارہ تفصیلات (پروفائلنگ) کے لیے ہے۔
قرض کی ادائیگی کے اخراجات میں بجٹ سے 245 ملین ڈالراضافے کی پیشین گوئی کی گئی ہے، جس کی بنیادی وجہ سود کی بلند شرح ہے – جو کہ قرض کی ادائیگی کے لیے حکومت کے عزم کی اہمیت کی یقین دہانی کرتا ہے۔

# البرٹا ہیریٹیج سیونگز ٹرسٹ فنڈ (Alberta Heritage Savings Trust Fund)

البرٹا ہیریٹیج سیونگز ٹرسٹ فنڈ (Alberta Heritage Savings Trust Fund) البرٹا کا طویل مدتی بچت کھاتہ ہے، اور حکومت اسے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے۔ فنڈ نے 24-2023 کی پہلی سہ ماہی کے دوران اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے739 ملین ڈالر کی خالص سرمایہ کاری کی آمدنی کے ساتھ دو فیصد منافع کمایا۔ 30 جون کو اس کے خالص اثاثوں کی مناسب قیمت 21.6 بلین ڈالر تھی، جو پچھلے مالی سال کے اختتام پر ریکارڈ کیے گئے 21.2 بلین ڈالر سے زیادہ ہے۔

پانچ سالوں میں، فنڈ نے 6.4 فیصد واپس کیا، جو اس کے غیر فعال بینچ معیار کی واپسی سے 0.6 فیصد زیادہ ہے۔

## اقتصادی نقطہ نظر

البرٹا کی معیشت کی ترقی اور تنوع کو جاری رکھتے ہوئے، البرٹا کی حکومت اپنی توقعات سے تجاوز کر رہی ہے۔ البرٹا کی حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار(Real Gross GDP )میں اب 2023 میں تین فیصد اضافہ متوقع ہے، جو کہ بجٹ 2023 سے 0.2 فیصد زیادہ ہے۔ نجی پیشین گوئی کرنے والوں کے اندازوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوبہ اس سال معاشی ترقی میں ملک کی قیادت کرے گا۔

مضبوط طور پرآبادی میں اضافہ، بالآخر صوبے کے معاشی نقطہ نظر کو فروغ دیتے ہوئے، البرٹا کی لیبر مارکیٹ کو سپورٹ کر رہا ہے اور البرٹا کی معیشت میں طلب اور سرگرمی پیدا کر رہا ہے ۔ اگرچہ بڑھتی ہوئی شرح سود، صارفین کے استعمال کی چیزوں کی اعلیٰ قیمتوں اور دیگر عوامل کی وجہ سے خطرات اور غیر یقینی صورتحال برقرار ہے، البرٹا کی معیشت کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے اچھی پوزیشن میں ہے۔

## فوری حقائق

- قرض کی ادائیگی کے لیے دستیاب اضافی نقدی کی رقم اور البرٹا فنڈ (Alberta Fund) کا حساب کئی ضروری نقدی موافقات کے بعد کیا جاتا ہے۔
    - 24-2023 میں ، مختص کے لیے دستیاب کل رقم 5.2 بلین ڈالر ہونے کی پیشین گوئی کی گئی ہے، جس میں 23-2022 کے حتمی نتائج سے لیے گئے5.1 بلین ڈالر شامل ہیں۔

## متعلقہ معلومات

- 24-2023 کا پہلا سہ ماہی مالیاتی اپ ڈیٹ اور اقتصادی بیان (2023-24 First Quarter Fiscal Update and Economic Statement)

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں (Watch the news conference)

## میڈیا سے پوچھ گچھ

### سوانہ جوہانسن (Savannah Johannsen)

780-686-3521
پریس سیکریٹری، ٹریژری بورڈ اینڈ فائنینس (Press secretary, Treasury Board and Finance)